# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 30 April-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۰/اپریل ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پہلگام دہشت گردی حملے میں ہلاک ہونے والے ریاست کے شہریان کے اہلِ خانہ کو فی کس 50 لاکھ روپئوں کی امداد دینے کا کابینہ کا فیصلہ؛ ساتھ ہی خاندان کے ایک فرد کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان۔

☆ ممبئی میں منعقد کی جارہی Waves کانفرنس تفریح کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے ''داووس'' ثابت ہوگی۔نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا بیان۔

☆ راجیو گاندھی ایڈ منسٹریٹیو Mobility مشن کے تحت مراٹھواڑہ ڈویژن کے ایوارڈس کا اعلان۔

☆ اکشئے ترتیہ کے موقع پر بچوں کی شادیوں کو روکنے کیلئے انتظامیہ کے اقدامات۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے دھاراشیو،پربھنی اور چھترپتی سمبھا جی نگر میں درجۂ حرارت 42.5°c کے پار؛ ناندیڑ ضلع میں آئندہ چار دِنوں کیلئے یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

کشمیر کے پہلگام حملے میں مہاراشٹر کے جن چھ سیاحوں کی موت ہوئی ہے ان کے اہلِ خانہ کو ریاستی کابینہ نے فی کس 50 لاکھ روپئوں کی امداد دینے کا فیصلہ کیا ہے۔کابینہ کے اجلاس کے بعد کل میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے یہ اعلان کیا۔انھوں نے ہر متاثرہ خاندان کے ایک فرد کو سرکاری نوکری دینے کی بھی بات کہی۔

کابینی اجلاس میں کل مرکزی حکومت کی فصل بیمہ اسکیم کے ساتھ ساتھ زراعت کے بنیادی ڈھانچے کی تخلیق پر توجہ دینے والی اسکیم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اس کے ساتھ اجلاس میں وزیرِ اعظم یشسوی اسکیم کے تحت او بی سی' ای بی سی اور ڈی این ٹی زمروں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کیلئے پری اور پوسٹ میٹرک اسکالرشپ سے متعلق سن 2021 تا 2026 کیلئے مرکزی حکومت کی طرف سے جاری کردہ نظرِ ثانی شدہ رہنماء خطوط پر عمل درآمد کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔

وہیں کابینہ نے کل ریاست میں جہاز سازی' اس کی مرمت اور ری سائیکلنگ کی سہولیات کو فروغ دینے کی پالیسی کو منظوری دی ہے۔اسی طرح دیگر پسماندہ طبقات (او بی سی) کے مالیاتی و ترقیاتی کارپوریشن اور وسنت راؤ نائیک وِمکت ذاتوں اور خانہ بدوش قبائل کے ترقیاتی کارپوریشن کے ذاتی قرض کے سود کی ادائیگی کی اسکیم کو 10 لاکھ سے بڑھا کر 15 لاکھ کرنے کو کابینہ نے منظوری دی ہے۔ریاست میں بھیک مانگنے پر پابندی کی دفعات میں ترمیم کرنے کا بھی فیصلہ کی گیا' تا کہ بھکشا گھروں میں رہنے والے افراد کو پانچ روپئوں کی بجائے 40 روپئے روزانہ دیئے جاسکیں۔

کل منعقدہ کابینی اجلاس میں مہاراشٹر الیکٹرک وہیکل پالیسی 2025 کو منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت نے گرین ایز جی کی پیداوار اور ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹس کی ترقی پر توجہ مرکوز کی ہے اور ریاست توانائی پیدا کرنے کے شعبے میں خود مکتفی ہونے کی راہ پر گامزن ہے۔ وزیرِ اعلیٰ کل محکمہ آبی وسائل کی ایک میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے، جہاں تین کمپنیوں مہا جینکو، مہا جینکو رینیوایبل ایز جی لمیٹڈ اور اَواد اا یکوا بیٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ نے مفاہمت کے ایک معاہدے پر دستخط کیے۔ ان معاہدوں کے نتیجے میں کل ریاست میں 9 اُدچن ہائیڈرو الیکٹرک پروجیکٹس میں 57 ہزار 260 کروڑ روپئوں کی سرمایہ کاری ہوگی۔ آٹھ ہزار 905 میگا واٹ صلاحیت کے ان منصوبوں کے ذریعے 9 ہزار 200 ملازمتیں پیدا ہوں گی۔

***** ***** *****

مہاراشٹر کو تھیلیسیمیا بیماری سے پاک کرنے کی خاطر 8 مئی سے ''ایک قدم تھیلیسیمیا سے نجات کی طرف'' اس مہم کا آغاز کیا جائے گا۔ صحتِ عامہ کی مملکتی وزیر میگھنا ساکورے بورڈ یکر نے اس مہم کے پہلے دِن کے دوران ریاست کے تمام تھیلیسیمیا سے متاثرہ مریضوں کو معذوری کے صداقت نامے دینے کی ہدایت کی ہے۔

***** ***** *****

مہاراشٹر ریاست کے قیام کی 66 ویں سالگرہ کے موقع پر کل یکم مئی کو چھترپتی سمبھا جی نگر کی اہم سرکاری تقریب کل صبح آٹھ بجے پولس کمشنریٹ کے دیوگری میدان پر ہوگی۔ اس تقریب میں ضلع کے رابطہ وزیر سنجے شرساٹ پرچم کشائی کریں گے۔ وہیں ریاست کے یومِ تاسیس کے موقع پر کل لاتور کے ضلع اسپورٹ کامپلیکس میں رابطہ وزیر شیویندر سنگھ راجے بھوسلے کے ہاتھوں جھنڈا لہرایا جائے گا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

ورلڈ آڈیو ویڈیو ویژول انٹرٹینمنٹ سمٹ (Waves Conference) کا کل ممبئی میں آغاز ہو رہا ہے۔ باندرہ - کُرلا کامپلیکس کے جیو ورلڈ سینٹر میں منعقد ہونے والی اس کانفرنس کا افتتاح وزیرِ اعظم نریندر مودی کی موجودگی میں کیا جائے گا۔ یہ کانفرنس آئندہ 4 مئی تک جاری رہے گی، جس میں دنیا بھر کے 100 سے زائد ملک شرکت کریں گے۔ اس کانفرنس میں مختلف موضوعات پر مباحثے اور دیگر پروگرامس کا انعقاد کیا گیا ہے۔ کانفرنس کے پہلے دن بھارت اور مہاراشٹر پویلین اور ویوز ایکزیبیشن کا افتتاح عمل میں آئے گا۔ ساتھ ہی چند اہم اعلانات اور معاہدے کیے جائیں گے۔ ویوز بازار اور ویوز ایکسلریٹر کی بھی پہلے دن شروعات ہوگی۔ کانفرنس کے دوسرے دِن عالمی میڈیا مباحثے کا انعقاد ہوگا۔ تیسرے اور چوتھے دن مختلف مباحثوں سمیت نمائش کا اہتمام کیا جائے گا۔ اس کانفرنس کے ذریعے ملک کی معیشت کو رفتار دینے میں مدد ملے گی۔

اسی دوران نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اس یقین کا اظہار کیا ہے کہ ویوز کانفرنس عالمی سطح پر تفریحی شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے ''داووس'' ثابت ہوگی۔ نائب وزیرِ اعلیٰ کل کانفرنس کی تیاریوں کے معائنے کے بعد میڈیا سے بات کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ ممبئی میں ویوز کانفرنس کا انعقاد مہاراشٹر کیلئے فخر کی بات ہے۔

***** ***** *****

راجیو گاندھی ایڈمنسٹریٹیو موبیلیٹی مشن کے تحت مراٹھواڑہ ڈویژن میں چھترپتی سمبھا جی نگر، ناندیڑ ضلع کلکٹریٹ اور کنٹر سب ڈویژنل دفاتر کیلئے سال 25-2024 کے ایوارڈ کا اعلان کیا گیا ہے۔ ڈویژنل کمشنر دلیپ گاوڑے نے کل یہ اعلان کیا۔ جدید تصورات کے زمرے میں چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کلکٹر دفتر کیلئے، آن لائن پورٹل کے ذریعے ملازمین کے تبادلے کیلئے ناندیڑ کے ضلع کلکٹر دفتر کیلئے، جبکہ کنٹر کے سب ڈویژنل دفتر کیلئے جدید تصورات اور انتظام کے زمرے میں ایوارڈس کا اعلان کیا گیا۔

***** ***** *****

بھارتی خواتین کرکٹ ٹیم نے سری لنکا میں جاری سہ فریقی یک روزہ کرکٹ سیریز میں کل جنوبی افریقہ کو 15 رنوں سے شکست دے دی۔ بھارتی ٹیم نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے چھ وِکٹوں کے نقصان پر 276 رنز بنائے‘ جوابی کھیل کے دوران جنوبی افریقہ کی ٹیم 50 اوورز میں 261 رنوں پر آل آؤٹ ہوگئی۔ پانچ وکٹیں لینے والی اسنیہہ رانا کو پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

***** ***** *****

ساڑھے تین مہورتوں میں سے ایک اکشئے ترتیہ آج منائی جارہی ہے۔ اس دن کسی نیک کام کی شروعات کی جاتی ہے‘ ساتھ ہی سونا‘ چاندی اور دیگر اشیاء کی خریداری کو بہت اچھا سمجھا جاتا ہے۔

اسی بیچ کئی اضلاع میں انتظامیہ نے اکشئے ترتیہ کے موقع پر بچوں کی شادیوں کی روک تھام کی خاطر اقدامات کیے ہیں۔ دھاراشیو کے ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار نے شہریان سے اپیل کی ہے کہ اگر انھیں بچوں کی شادی سے متعلق کوئی معلومات ہو یا کوئی مشتبہ واقعہ نظر آئے تو ٹول فری نمبر 1098 پر رابطہ قائم کریں۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے لوہارا میں واقع بھانوداس راؤ چوہان سینئر کالج میں کل تقسیمِ اسناد کی تقریب منعقد کی گئی‘ جس میں ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے سینیٹ ممبر دیوی داس پاٹھک موجود تھے۔ اس موقع پر موصوف نے فارغ ہونے والے طلبہ سے اپیل کی کہ وہ نئی قومی تعلیمی پالیسی میں شامل مہارتوں پر مبنی تعلیم سے فائدہ اُٹھائیں اور خود مکتفی بنیں۔

***** ***** *****

انگریس کے رکنِ اسمبلی امت دیشمکھ نے کل لاتور میں سارتھی تنظیم کے ڈویژنل دفتر لڑکی اور لڑکیوں کے ہاسٹل اور دیگر پروجیکٹس کے تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا۔ فی الحال تجویز کردہ 12 منزلہ ہاسٹل کی ساتویں منزل کا کام جاری ہے۔ اس موقع پر دیشمکھ نے جون 2026 تک یہ پروجیکٹ مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

ساڑھے پانچ سو عازمینِ حج پر مشتمل دو گروپ کل لکھنؤ اور حیدرآباد سے جدہ کیلئے روانہ ہوگئے۔ اقلیتی اُمور کے مرکی وزیر کرین رجیجو نے ان حاجیوں کو تہنیت پیش کی ہے۔ انھوں نے سماجی رابطے کی سائٹ پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ حج کے سفر کے تسلسل کو برقرار رکھنے کیلئے حکومت عہد کی پابند ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے زیادہ درجۂ حرارت اکولہ میں 44 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیئس درج کیا گیا۔ مراٹھواڑہ میں پارہ دھاراشیو 42 ڈگری‘ جبکہ چھترپتی سمبھاجی نگر اور پربھنی میں 42 اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیئس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پہلگام دہشت گردی حملے میں ہلاک ہونے والے ریاست کے شہریان کے اہلِ خانہ کو فی کس 50 لاکھ روپئوں کی امداد دینے کا کابینہ کا فیصلہ؛ ساتھ ہی خاندان کے ایک فرد کو سرکاری ملازمت دینے کا اعلان۔

☆ ممبئی میں منعقد کی جارہی Waves کانفرنس تفریح کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے ''داووس'' ثابت ہوگی۔ نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا بیان۔

☆ راجیو گاندھی ایڈمنسٹریٹیو Mobility مشن کے تحت مراٹھواڑہ ڈویژن کے ایوارڈس کا اعلان۔

☆ اکشئے ترتیہ کے موقع پر بچوں کی شادیوں کو روکنے کیلئے انتظامیہ کے اقدامات۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ کے دھاراشیو، پربھنی اور چھترپتی سمبھاجی نگر میں درجۂ حرارت 42.5 c° کے پار؛ ناندیڑ ضلع میں آئندہ چار دِنوں کیلئے یلو الرٹ جاری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****